لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَ مَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ
فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ
اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ
قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَاۤ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۹۳﴾

جب تک تم اپنی پسندیدہ چیز کو اللہ کی راہ میں خرچ نہ کرو ہرگز بھلائی نہ پاؤ گے۔ تم جو کچھ خرچ کرو اسے اللہ تعالیٰ بخوبی جانتے ہیں ○ تورات کے نزول سے پہلے حضرت یعقوبؑ نے جس چیز کو اپنے اوپر حرام کر لیا تھا اس کے سوا تمام کھانے بنی اسرائیل پر حلال تھے کہو کہ اگر تم سچے ہو تو تورات لے آؤ اور پڑھ سناؤ ○

سب سے زیادہ پیاری چیز اور صدقہ: ☆☆ (آیت:۹۲) حضرت عمرو بن میمونؒ فرماتے ہیں بر سے مراد جنت ہے یعنی اگر تم اپنی پسند کی چیزیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدقہ کرتے رہو گے تو تمہیں جنت ملے گی۔ مسند احمد میں ہے کہ حضرت ابوطلحہؓ مالدار صحابی تھے۔ مسجد کے سامنے ہی بیرحا نامی آپ کا ایک باغ تھا جس میں کبھی کبھی آنحضرت ﷺ بھی تشریف لے جایا کرتے تھے اور یہاں کا خوش ذائقہ پانی پیا کرتے تھے۔ جب یہ آیت اتری تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بارگاہ نبویؐ میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگے کہ یا رسول اللہؐ میرا تو سب سے زیادہ پیارا مال یہی باغ ہے۔ میں آپ کو گواہ کرتا ہوں کہ میں نے اسے راہ للہ صدقہ کیا' اللہ تعالیٰ مجھے بھلائی عطا فرمائے اور اسے اپنے پاس میرے لئے ذخیرہ کرے۔ آپ کو اختیار ہے جس طرح چاہیں' اسے تقسیم کر دیں۔ آپ بہت ہی خوش ہوئے اور فرمانے لگے' مسلمانوں کو اس سے بہت فائدہ پہنچے گا' تم اسے اپنے قرابت داروں میں تقسیم کر دو' چنانچہ حضرت ابوطلحہؓ نے اسے اپنے رشتہ داروں اور چچازاد بھائیوں میں بانٹ دیا۔

بخاری و مسلم میں ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی خدمت رسولؐ میں حاضر ہوئے اور کہا کہ حضورؐ مجھے اپنے تمام مال میں سب سے زیادہ مرغوب مال خیبر کی زمین کا حصہ ہے۔ میں اسے راہ للہ دینا چاہتا ہوں' فرمائیے کیا کروں؟ آپؐ نے فرمایا' اسے وقف کر دو' اصل روک لو اور پھل وغیرہ راہ للہ کر دو۔ مسند بزار میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے اس آیت کی تلاوت کر کے سوچا تو مجھے کوئی چیز ایک کنیز سے زیادہ پیاری نہ تھی' میں نے اس لونڈی کو راہ للہ آزاد کر دیا' اب تک بھی میرے دل میں اس کی ایسی محبت ہے کہ اگر کسی چیز کو اللہ تعالیٰ کے نام پر دے کر پھر لوٹا لینا جائز ہوتو میں کم از کم اس سے نکاح کر لیتا۔

بارگاہ رسالتؐ میں یہودی وفد: ☆☆ (آیت:۹۳) مسند احمد میں ہے کہ یہودیوں کی ایک جماعت حضورؐ کے پاس آئی اور کہنے لگی کہ ہم آپ سے چند سوال کرنا چاہتے ہیں جن کے جواب نبیوں کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ آپ نے فرمایا پوچھو لیکن پہلے تم لوگ وعدہ کرو اگر میں صحیح صحیح جواب دے دوں تو تمہیں میری نبوت کے تسلیم کر لینے میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ انہوں نے اس شرط کو منظور کر لیا کہ اگر آپ نے سچے جواب دیئے تو ہم اسلام قبول کر لیں گے' ساتھ ہی انہوں نے بڑی قسمیں بھی کھائیں پھر پوچھا کہ بتایئے حضرت اسرائیلؑ نے کیا چیز اپنے اوپر حرام کی تھی؟ عورت مرد کے پانی کی کیا کیفیت ہے؟ اور کیوں کبھی لڑکا ہوتا ہے اور کبھی لڑکی؟ اور نبی امی کی نیند کیسی ہے؟ اور فرشتوں میں سے کون سا فرشتہ اس کے پاس وحی لے کر آتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا' جب حضرت اسرائیلؑ سخت بیمار ہوئے تو نذر مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے شفا دے گا تو میں سب سے زیادہ پیاری چیز کھانے پینے کی چھوڑ دوں گا' جب شفایاب ہو گئے تو اونٹ کا گوشت اور دودھ چھوڑ دیا' مرد کا پانی سفید